گر تو ناراض ہوا میری ہلاکت ہوگی
ہائے میں نارِ جہنم میں جلوں گا یا رب
چشمِ نم دے غم سلطانِ امم دے مولیٰ
ان کا کب عاشق صادق میں بنوں گا یا رب
اذن سے تیرے سر حشر کہیں کاش حضورؐ
ساتھ عطار کو جنت میں رکھوں گا یا رب

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

marfat.com

سب سے اولیٰ واعلیٰ ہمارا نبیؐ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبیؐ
سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبیؐ

اپنے مولا کا پیارا ہمارا نبیؐ
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبیؐ

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبیؐ

جنکے تلوؤں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبیؐ

خلق سے اولیاء اولیاء سے رسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبیؐ

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیئے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبیؐ

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبیؐ

غم زدوں کو رضاؔ مژدہ دیجئے کہ ہے
بے کسوں کا سہارا ہمارا نبیؐ

(امام احمد رضا خان فاضل بریلویؒ)

marfat.com

میرے نبی صل علیٰ

میرے نبی صل علیٰ پیارے نبی صل علیٰ
در پہ بلا لو ہم کو بھی پیارے نبی صل علیٰ

ہے کتنا سکوں دیکھوں آقا کے مدینے میں
رحمت کی چھما چھم ہے برسات مدینے میں
طیبہ کا ہر منظر کیا خوب سہانا ہے

ان جاگتی آنکھوں سے روضے کو ہم دیکھیں
اور گنبد خضریٰ کو دیوانے سب دیکھیں
ہم غم کے ماروں کا طیبہ ہی ٹھکانہ ہے

کیوں چاند میں کھوئے ہو الجھے ہو ستاروں میں
آقا کو میرے ڈھونڈو قرآن کے پاروں میں

جبرائیل امیں بولے سدرہ کے مکیں بولے
تم سا نہ حسیں دیکھا لاکھوں میں ہزاروں میں

اللہ بھی کرتا ہے ہاں ذکر محمدؐ کا
قرآن کے پاروں میں ہے ذکر محمدؐ کا
ہے ذکر فرشتوں کا حوروں کا ترانہ ہے

marfat.com

ررتے کھڑا غلام بڑی دیر ہوگئی

در تے کھڑا غلام بڑی دیر ہوگئی
بھر دو میرا وی جام بڑی دیر ہوگئی

پی کے سارے ٹر گئے مے خوار ساقیا
آیا نئیں میرا نام بڑی دیر ہوگئی

دو گھٹ پلا دے سانوں وی اکھیاں دے جام چوں
بیٹھے آں تشنہ کام بڑی دیر ہوگئی

چہرے توں کھول زلفاں مے خوار سوہنیا
لمبی اے غم دی شام بڑی دیر ہوگئی

ساڈے جیہاں غریباں نوں در تے بلان لئی
ہو جائے اذنِ عام بڑی دیر ہوگئی

چھوٹی جئی آرزو اے ایہہ حافظؔ غلام دی
من لو میرا سلام بڑی دیر ہوگئی

(حافظ محمد یسین)

ہر شخص سچا دوست تلاش کرتا ہے مگر خود سچا دوست بننے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔

(حکیم لقمان)

marfat.com

میں لجپالاں دے لڑ لگی ہاں

میں لجپالاں دے لڑ لگیاں میرے توں غم پرے رہندے
میری آساں امیداں دے سدا بوٹے ہرے رہندے

خیالِ یار وچ میں مست رہندا ہاں دنے راتیں
میرے دل وچ سجن وسدا میرے دیدے ٹھرے رہندے

دعا منگیا کرو سنگیو کتے مرشد نہ رس جاوے
جہناں دے پیر رس جاندے اوہ جیوندے وی مرے رہندے

کدی وی لوڑ نہیں پیندی مینوں در در تے جاون دی
میں لجپالاں دا منگتاں ہاں میرے پلے بھرے رہندے

نیازیؔ مینوں غم کاہدا میری نسبت ہے لاثانی
کسے دے رہن جوبن کے قسم رب دی ترے رہندے

(عبدالستار نیازی)

☆ سخت سے سخت دل کو بھی ماں کی پرنم آنکھوں سے موم کیا جا سکتا ہے۔
(ڈاکٹر علامہ اقبال)

marfat.com

میں مر کے وی نئیں مردا

آکھیں سوہنے نوں وائے نی جے تیرا گزر ہووے
میں مر کے وی نئیں مردا جے تیری نظر ہووے

دم دم نال ذکر کراں میں تیریاں شاناں دا
تیرے نام توں وار دیاں جنی میری عمر ہووے

دیوانیو! بیٹھے رہوو محفل نوں سجا کے تے
شاید میرے آقا دا ایتھوں دی گزر ہووے

اوہ کیسیاں گھڑیاں سن مہمان ساں سوہنے دے
دل فیر وی کردا اے طیبہ دا سفر ہووے

کیوں فکر کریں یارا ماسہ وی اگیرے دا
اوہنوں ستے ای خیراں نیں جہدا سائیں مگر ہووے

جے جیون دا چا رکھنا ایں تو راہیا مدینے دیا
سوہنے دے دوارے تے مرجاویں جے مر ہووے

ایہہ دل وچ نیازیؔ دے اک آس چروکنی اے
سوہنے دے شہر اندر میری وی قبر ہووے

(عبدالستار نیازی)

☆ علم ایسا بادل ہے جس سے رحمت برستی ہے۔ (بابا فرید الدینؒ)

marfat.com

میری عزت تیرے ناں دے سہارے یارسول اللہ

میری عزت تیرے ناں دے سہارے یارسول اللہؐ
میری کشتی نوں وی لاؤ کنارے یارسول اللہؐ

تیرے قدماں وچ سر رکھیا تے دل دی اے تمنا اے
نہ ہُن مینوں کوئی آواز مارے یارسول اللہؐ

قسم رب دی حیاتی میری دا ایہو سرمایہ
تیرے در تے میں دن جیہڑے گزارے یارسول اللہؐ

کدی دیدار دے کے وی ایہناں نوں شاد کر دو
ایہہ روندے نیں کرماں دے مارے یارسول اللہؐ

میرا دل وی چاہندا اے تسی میرے وی گھر آؤ
اُڈیکاں وچ میں دن کتنے گزارے یارسول اللہؐ

تیرے دیوانیاں دی کون گنتی کر سکے آقا
ظہوریؔ جئے کئی پھردے بچارے یارسول اللہؐ

(الحاج محمد علی ظہوریؒ)

☆ ماں باپ کی طرف پیار بھری نظروں سے دیکھنا بھی عبادت ہے۔

(حضرت لال شہباز قلندرؒ)

marfat.com

توں میری جند جان نبی جی

توں میری جند جان نبی جی
میں تیرے قربان نبی جی

اوہو بن دے جان سہارے
جوتوں کریں بیان نبی جی

تیرے ہر اک دم دے بدلے
وسدا پیا جہان نبی جی

ساریاں اچیاں اچیاں نالوں
تیری اچی شان نبی جی

محشر دے دن سب امتاں نوں
تیرا ای بس مان نبی جی

تیرے بناں نہ کوئی بنیاں
عرشاں دا مہمان نبی جی

تیری نسبت تیری الفت
میرا دین ایمان نبی جی

تیری نعت کی پڑھے ظہوریؔ
نعتاں پڑھے قرآن نبی جی

(الحاج محمد علی ظہوریؒ)

marfat.com

چن چڑھیا آمنہ دے لال دا

شان وکھرا آمنہ دے لال دا
چن چڑھیا آمنہ دے لال دا
بہار آئی دفعتاً سجی زمیں کی انجمن
صبا چلی سنن سنن بجے جو دف چھنن چھنن
صبا پکارتی چلی کہ چن چڑھیا آمنہ دے لال دا
کدی اٹھدی سی کدی بہندی سی
اوہ ڈگدی ڈھنڈی رہندی سی
اوہنوں کول نہ کوئی بٹھاوندا سی
اوہنوں نال نہ کوئی رلاوندا سی
اوہدی لنگدی کویں دھاڑی سی
اوہدی ڈاچی سب توں ماڑی سی
اس ڈاچی دی جیہڑی مائی سی
اوہدا نام حلیمہؓ دائی سی
آخر وچ مکے آئی سی
پچھوں آ کے بڑا پچھتائی سی
اوہنے ہر بوہا کھڑکایا سی
اوہنوں خیر کسے نہ پایا سی

marfat.com

ہر در دی بنی سوالی سی
اوہدی جھولی فیر وی خالی سی
جدوں سارے پاسیوں رہ گئی اے
سرکار دے بوہے بہہ گئی اے
اوہنوں اوہ بوہا جڑیا اے
جتھوں خالی کوئی نہ مڑیا اے
رحمت دا جھلا جھلیا اے
سرکار دا بوہا کھلیا اے
اک لونڈی باہر آئی اے
دائی ول جھاتی پائی اے
پھر باہوں اوس اٹھایا اے
نالے مونہوں ایہہ فرمایا اے
آ (حلیمہ) تینوں نال لے جاواں میں
اک نوری مکھ وکھاواں میں
ساڈے ویہڑے اوہ چن چڑھیا اے
جیہدھا چن نے وی کلمہ پڑھیا اے
گئی نال حلیمہ دائی اے
جد نظر سوہنے تے پائی اے
دل پھڑ کے اپنا بہہ گئی اے
سوہنے نوں تکدی رہ گئی اے
اج جاگیا بخت حلیمہؓ دا

marfat.com

ملیا لجپال یتیماں دا
پھڑ سوہنا لایا سینے نوں
رحمت دے پاک خزینے نوں
ملی دل نوں بڑی تسلی اے
سوہنے نوں لے کے چلی اے
جدوں پیر گلی وچ دھریا اے
رحمت نال ویہڑا بھریا ہے
پئی لوری آپ سناندی اے
نالے صدقے واری جاندی اے
بنو سعد دیاں جو دایاں نیں
چل کول حلیمہ آیاں نیں
سانوں پچھن باہر نہ آنی ایں
نہ سانوں شکل وکھانی ایں
کویں اپنا وقت لنگھانی ایں
کتھوں پینی ایں کتھوں کھانی ایں
بولی ایہہ حلیمہؓ دایاں نوں
خیریت پچھن آیاں نوں
میں باہر تے نیں آنی آں
نہ تہانوں شکل وکھانی آں
جاندی نہیں کسے وی پاسے میں
بس ویہڑے وچ گھم لینی آں

marfat.com

جدوں مینوں بھکھ لگ جاندی اے
سرکار دا منہ چم لینی آں
دھن بھاگ ظہوری دائی دا
ملیا محبوب خدائی دا
چن چڑھیا آمنہ دے لال دا
نام آقا دا سہارا سب دا اے
جو ظہوری سب غماں نوں ٹالدا
چن چڑھیا آمنہ دے لال دا

(الحاج محمد علی ظہوریؒ)

marfat.com

نصیبا کھول دے میرا

نصیبا کھول دے میرا میں دیکھاں روضہ تیرا
بلا لے مینوں وی در تے میں ویکھاں روضہ تیرا

کدی اوہ گھڑیاں آون مدینے رل مل جاون
میں نعتاں پڑھدا پڑھدا میں دیکھاں روضہ تیرا

میں ویکھاں روضے دی جالی اوہ جالی کرمانوالی
دکھا دے مینوں خدارا میں ویکھاں روضہ تیرا

غوث پیا دا صدقہ خواجہ فرید دا صدقہ
قطب مدینے دا صدقہ میں ویکھاں روضہ تیرا

خورے کدوں بلانا مینوں محبوب مدینے
چھیتی سد لو آقا میں ویکھاں روضہ تیرا

مدینہ لگدا اے پیارا مدینہ دل دا سہارا
مدینہ لے چل مینوں میں ویکھاں روضہ تیرا

اک واری جا کے مدینے مڑ کے فیر نہ آواں
سوہنے دے در تے جا کے میں ویکھاں روضہ تیرا

☆ عروج اس وقت کو کہتے ہیں جس کے بعد زوال شروع ہوتا ہے۔

marfat.com

تن من وارا جس نے دیکھا

تن من وارا جس نے دیکھا چہرہ کملی والے کا
اے مولا اک بار دکھا دے جلوہ کملی والے کا

غوث قطب ابدال قلندر سب ان کے گن گاتے ہیں
فرشِ زمیں پر عرش بریں پر چرچا کملی والے کا

ہر نعمت دیتا ہے خدا پر وار کے ان پہ دیتا ہے
کھاتا ہے یہ عالم سارا صدقہ کملی والے کا

آل نبی اولادِ علی کی شان بڑھائی اللہ نے
کتنا اعلیٰ کتنا بالا کنبہ کملی والے کا

قبر میں جب پوچھیں گے فرشتے اپنا تعارف پیش کرو
کہہ دوں گا کہ میں تو ہوں بس منگتا کملی والے کا

ان کا کوئی ہم پایہ نہیں ہے ان کے وجود کا سایہ نہیں ہے
لیکن نازشؔ خلق پہ دیکھا سایہ کملی والے کا

(محمد حنیف نازشؔ)

☆ سب سے زیادہ عقلمند وہ شخص ہے جو اپنی بات کو اچھی طرح ثابت کر سکے۔

(حضرت عمر فاروقؓ)

marfat.com

ہو جاتی ہے اب تو ہر

ہو جاتی ہے اب تو ہر مقبول دعا میری
میں جب سے ہوا تیرا سنتا ہے خدا میری

تم پیش نظر رہنا سرکار عبادت میں
جو بھی ہے قضا اب تک ہو جائے ادا میری

بس ایک تمنا ہے منزل ہو مدینے کی
جب روضے پہ پہنچوں میں آجائے قضا میری

یہ راز بتا دوں میں اب اپنے طبیبوں کو
تم ذکر نبی چھیڑو بس یہ ہے دوا میری

مرقد میں میری آکر سرکار نے فرمایا
گھبرانہ اے دیوانے اک نعت سنا میری

وہ مجھ کو تصور میں کہتے ہیں یہی لوگو!
آجاؤں گا میں ناصرؔ محفل تو سجا میری

(سیدناصر حسین چشتی)

☆ عمل کے بغیر جنت طلب کرنا بھی گناہ ہے۔ (حضرت بایزید بسطامیؒ)

marfat.com

وہ کیسا سماں ہوگا

وہ کیسا سماں ہوگا کیسی وہ گھڑی ہوگی
جب پہلی نظر ان کے روضے پہ پڑی ہوگی

یہ کوچہ جاناں ہے آہستہ قدم رکھنا
ہر جا پہ ملائک کی بارات کھڑی ہوگی

کیا سامنے جا کے ہم حال اپنا سنائیں گے
سرکار کا در ہوگا اشکوں کی جھڑی ہوگی

کچھ ہاتھ نہ آئے گا آقا سے جدا رہ کر
سرکار کی نسبت سے توقیر بڑی ہوگی

وہ شیشہ دل غم سے میلا نہ کبھی ہوگا
تصویر مدینے کی جس دل میں جڑی ہوگی

ہو جائے جو وابستہ سرکار کے قدموں سے
ہر چیز زمانے کی قدموں میں پڑی ہوگی

چارہ نہ کوئی کرنا اک نعت سنا دینا
ناچیز ظہوری کی جب سانس اڑی ہوگی

(الحاج محمد علی ظہوریؒ)

marfat.com

دل میں ہو یاد تیری

دل میں ہو یاد تیری گوشہ تنہائی ہو
پھر تو خلوت میں عجب انجمن آرائی ہو

آستانے پہ تیرے سر ہو اجل آئی ہو
اور اے جان جہاں تو بھی تماشائی ہو

اس کی قسمت پہ فدا تختِ شہی کی راحت
خاک طیبہ پہ جسے چین کی نیند آئی ہو

آج جو عیب کسی پر نہیں کھلنے دیتے
کب وہ چاہیں گے میری حشر میں رسوائی ہو

یہی منظور تھا قدرت کو کہ سایہ نہ بنے
ایسے یکتا کے لئے ایسی ہی یکتائی ہو

کبھی ایسا نہ ہوا ان کے کرم کے صدقے
ہاتھ کے پھیلنے سے پہلے نہ بھیک آئی ہو

بند جب خواب اجل سے ہوں حسن کی آنکھیں
اس کی نظروں میں تیرا جلوہ زیبائی ہو

(مولانا حسن رضا خان بریلوی)

marfat.com

خدا کا ذکر کرے

خدا کا ذکر کرے ذکرِ مصطفیٰؐ نہ کرے
ہمارے منہ میں ہو ایسی زباں خدا نہ کرے

کہا خدا نے شفاعت کی بات محشر میں
میرا حبیب کرے کوئی دوسرا نہ کرے

مدینہ جا کے نکلنا نہ شہر سے باہر
خدانخواستہ یہ زندگی وفا نہ کرے

اسیر جس کو بنا کر رکھے مدینے میں
تمام عمر رہائی کی وہ دعا نہ کرے

شعورِ نعت بھی ہو اور زباں بھی ہو ادیبؔ
وہ آدمی ہی نہیں جو ان کا حق ادا نہ کرے

(ادیب رائے پوری)

☆ جو مصیبت دوست کی جانب سے نازل ہو اس کو صبر سے برداشت کیا جائے۔(بختیار کاکیؒ)

marfat.com

زندگی دا مزا آوے

زندگی دا مزا آوے سرکار دے بوہے تے
موت آوے تے سر ہووے سرکار دے بوہے تے

جہنوں نسبت پاکاں دی مل جاوے اوہ جنتی اے
بھاویں کتا ہووے بیٹھا کوئی غار دے بوہے تے

بدکار دی میت نوں لے جانا مدینے ول
بخشش لئی رکھ دینا غمخوار دے بوہے تے

کر لین ظلم جد وی کوئی اپنیاں جاناں تے
رب آکھے میں بخش دیواں آ کے یار دے بوہے تے

اللہ نے فرمایا ہو ضائع عمل جاسن
کوئی اچا نہ دم مارے میرے یار دے بوہے تے

سوہنے دیاں نعتاں دا سوہنے دیاں زلفاں دا
بس ذکر کرو یارو لاچار دے بوہے تے

ایہہ رازؔ گنہگار اے لکھ وار سیاہ کار اے
بن جانی اے گل ساڈی دلدار دے بوہے تے

(راز الہ آبادی)

☆ جھوٹ تمام گناہوں کی ماں ہے۔ (بقراط)

marfat.com

ساڈے ول سوہنیاں نگاہواں

ساڈے ول سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں
دسو منظور ایہہ دعاواں کدوں ہونیاں

اک اک ذرّے وچ رکھیاں شفاواں نیں
بوسے تیرے قدماں نوں دتے جہناں راہواں نیں
ساڈیاں نصیباں وچ اوہ راہواں کدوں ہونیاں

رو رو ساری زندگی جدائیاں وچ گالی اے
ہن ساڈی زندگی دی شام ہون والی اے
ہجر دے بیماراں نوں شفاواں کدوں ہونیاں

تکھیاں جدائیاں دیاں دھپاں دل ساڑیا
اپنی گل دس دے خدائی دیا لاڑیا
اے دُھپاں کدوں مکنیاں تے چھاواں کدوں ہونیاں

آقا ایہو سدھراں نے سینے وچ پالیاں
چماں گا میں جا کے کدوں روضے دیاں جالیاں
سجنؔ اتے تیریاں عطاواں کدوں ہونیاں

(محمد علی سجن)

marfat.com

مدینے دیاں ہون گلیاں

جی کردا مدینے دیا سائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں
کاسہ پھڑ کے کراں میں گدایاں مدینے دیاں ہون گلیاں

آواں کول کرو منظوری اوتھے زندگی ہو جائے پوری
پھر پین کدی نہ جدائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں

کم میں کراں نال شوقاں گلیاں ہنجواں نال تروکاں
کراں پلکاں دے نال صفایاں مدینے دیاں ہون گلیاں

ماہی دی رہ جائے نظر سولی عشق ماہی وچ ہو جاواں جھلی
اوتھے پھراں میں وانگ سودائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں

یار طبیبو دور ہو جاؤ نبض میری نوں نہ ہتھ لاؤ
مکھ یار دا ساڈیاں دوایاں مدینے دیاں ہون گلیاں

کل عالم توں چنگیاں گلیاں جتھے مدنی نیں لائیاں تلیاں
جہناں دیاں رب نے قسماں نیں چائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں

دور آقا توں دوریاں ہوون دردی آساں پوریاں ہوون
کراں شکر تے ونڈاں میں مٹھائیاں مدینے دیاں ہون گلیاں

(محمد دردی)

marfat.com

اک واری در تے بلا سوہنا

مک چلے جنڈی دے ساہ سوہنیا
اک واری در تے بلا سوہنیا

تیرے در ہر ویلے رحمتاں دی چھاں اے
تیرے در جئی ہور کدرے نہ تھاں اے
رب وی اے تیرے تے فدا سوہنیا اک واری......

عاصی گناہگاراں دا توں دل نئیوں توڑ دا
خالی کوئی در توں سوالی نئیوں موڑ دا
گھر سانوں اپنا وکھا سوہنیا اک واری......

چماں نال اکھاں دے روضے دیاں جالیاں
گنبد وی ویکھاں نالے نوری ہریالیاں
نوری جتھے چھائی اے گھٹا سوہنیا اک واری......

سد کے اسانوں وی وکھا دے سوہنی گلیاں
جتھے تسی آقا لائیاں پیراں دیاں تلیاں
چلے جتھے جنتی ہوا سوہنیا اک واری.........

ایتھے کوئی سفری نوں سوہنیا
قدماں چ اپنے بلا لے من موہنیا
آوے تیرے در تے قضا سوہنیا اک واری......

(مزمل سفری)

marfat.com

طٰہٰ دی شان والیا

طٰہٰ دی شان والیا
عرشاں تے جان والیا
کناں سوہنا نام تیرا
اچا ہے مقام تیرا
سچا ہے کلام تیرا
آیتاں سناون والیا

تذکرے نے عام تیرے
ہوندے صبح و شام تیرے
بادشاہ غلام تیرے
بکریاں چران والیا

حکیماں تے طبیباں تائیں
روشنی نصیباں تائیں
عاصیاں غریباں تائیں
سینے نال لان والیا

شان تیری بلے بلے
رب دی درود گھلے
دشمناں دے پیراں تھلے
چادراں وچھان والیا

سدا بے سہاریاں نوں
غماں دیاں ماریاں نوں
ماڑیاں بچاریاں نوں
سینے نال لان والیا

دور میری دوری ہووے
دل دی آس پوری ہووے
حاضری ظہوریؔ ہووے
روضے تے بلان والیا

(الحاج محمد علی ظہوریؒ)

☆ جہالت ساری مصیبتوں کی جڑ ہے۔ (افلاطون)

marfat.com

روک لیتی ہے آپ کی نسبت

روک لیتی ہے آپ کی نسبت تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں
یہ کرم ہے حضورؐ کا ہم پر آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی وہی بھرتے ہیں جھولیاں سب کی
آؤ بازارِ مصطفیؐ کو چلیں کھوٹے سکے وہیں پہ چلتے ہیں

اب کوئی کیا ہمیں گرائے گا ہر سہارا گلے لگائے گا
ہم نے خود کو گرا دیا ہے وہاں گرنے والے جہاں سنبھلتے ہیں

اپنی اوقات صرف اتنی ہے کچھ نہیں بات صرف اتنی ہے
کل بھی ٹکڑوں سے انکے پلتے تھے اب بھی ٹکڑوں پہ انکے پلتے ہیں

آپ کرتے ہیں جب مسیحائی آپ دیتے ہیں جب اذنِ گویائی
سنگ ریزے کلام کرتے ہیں زندگی کے چراغ جلتے ہیں

ذکر سرکار کے اجالوں کی بے نہایت ہیں رفعتیں خالدؔ
یہ اجالے کبھی نہ سمٹیں گے یہ وہ سورج نہیں جو ڈھلتے ہیں

(خالد محمود نقشبندی)

☆ میرے دوستو! دوست ہیں ہی نہیں۔ (ارسطو)

marfat.com

یارسول اللہؐ تیرے در کی

یارسول اللہؐ تیرے در کی فضاؤں کو سلام
گنبدِ خضریٰ کی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام

والہانہ جو طوافِ روضۂ اقدس کریں
مست و بے خود وجد میں آتی ہواؤں کو سلام

جو مدینے کی گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تا قیامت ان فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اور عاموں کو سلام
یا نبی تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

کعبہ کعبہ کے خوش منظر نظاروں پر درود
مسجدِ نبوی کی صبحوں اور شاموں کو سلام

جو پڑھا کرتے ہیں روز و شب تیرے دربار میں
پیش کرتا ہے ظہوری ان سلاموں کو سلام

(الحاج محمد علی ظہوریؔ)

marfat.com

نعت سرکار کی پڑھتا ہوں میں

نعت سرکار کی پڑھتا ہوں میں
بس اسی بات سے گھر میں میرے رحمت ہوگی
اک تیرا نام وسیلہ ہے میرا
رنج وغم میں بھی اسی نام سے راحت ہوگی

یہ سنا ہے کہ بہت گور اندھیری ہوگی
قبر کا خوف نہ رکھنا اے دل
وہاں سرکار کے چہرے کی زیارت ہوگی

ان کو مختار بنایا ہے میرے مولا نے
خلد میں بس وہی جا سکتا ہے
جس کو حسنین کے بابا کی اجازت ہوگی

حشر کا دن بھی عجب دیکھنے والا ہوگا
زلف لہرا کے وہ جب آئیں گے
پھر قیامت میں بھی اک اور قیامت ہوگی

میرا دامن تو گناہوں سے بھرا ہے الطاف
اک سہارا ہے کہ میں ان کا ہوں
اسی نسبت سے سرِ حشر شفاعت ہوگی

(سید الطاف حسین شاہ کاظمی)

marfat.com

حلیمہ مینوں نال رکھ لے

صاف کراں گی میں بکریاں دا واڑا حلیمہ مینوں نال رکھ لے
ایہناں بکریاں نوں پاواں گی میں چارہ حلیمہ مینوں نال رکھ لے

تیری ایہناں بکریاں دا دُدھ وی میں دوواں گی
بھانڈے وی میں مانجھاں گی تے کپڑے وی دھوواں گی
تیرا لیپاں گی میں ککھاں والا ڈھارا حلیمہ میں............

چولھا وی میں بالاں گی تے روٹی وی پکاواں گی
آمنہ دے چن دا میں جھولا وی جھلاواں گی
میرا چمکے نصیباں والا تارا حلیمہ مینوں.........

جتھے جتھے گھلیں گی توں اوتھے اوتھے جاواں گی
نس کے بازاروں تیرا سودا وی لے آواں گی
تیرا کم کراں گی میں سارا حلیمہ مینوں..........

بھاویں مینوں کچھ کہہ لئیں اف نہیں میں کراں گی
تیرے گھر جیواں گی میں تیرے گھر مراں گی
بس کراں گی میں سوہنے دا نظارہ حلیمہ مینوں..........

سن نی حلیمہ تیری کلی سی جو ککھاں دی
آ گیا سوہنا تے اوہ ہوگئی لکھاں دی
تیری گود وچ اللہ دا پیارا حلیمہ..........
صاف کراں گی میں بکریاں دا واڑا حلیمہ مینوں نال رکھ لے

marfat.com

جس کو درِ رسولؐ کی قربت نہیں ملی

جس کو درِ رسول کی قربت نہیں ملی
اس کو کبھی سکون کی دولت نہیں ملی

محشر میں سوئے یوسف کیا دیکھتے بھلا
آنکھوں کو تیری دید سے فرصت نہیں ملی

دیکھا ہے جا کے جہنم کو غور سے
سب کچھ ملا ہے آپ کی امت نہیں ملی

کتنا وہ بد نصیب ہے دنیا میں دوستو!
جس کو میرے حضور کی نسبت نہیں ملی

سب کچھ لٹا کے دین پہ کہتے تھے یہ حسینؓ
جتنی تھی کیا اب تجھے قیمت نہیں ملی

تعظیم جس نے چھوڑ دی دل میں حضورؐ کی
اس کو بھی دو جہان میں عزت نہیں ملی

حاکمؔ ہمارے گھر میں بھی آتے تو وہ ضرور
لیکن ہمیں ایوب سی قسمت نہیں ملی

(احمد علی حاکم)

marfat.com

بنالو مجھے اپنے در کا سوالی

مدینے کے والی شہنشاہِ عالی
بنا لو مجھے اپنے در کا سوالی

تمنا ہے یوں سامنے میں بھی آؤں
تیرے لئے تحفے دو ساتھ لاؤں
درودوں کے گجرے سلاموں کی ڈالی

مدینے میں نیند آئے مجھ کو کسی جا
میری آنکھ ایسے کھلے میرے آقا
سنے کان میرے اذانِ بلالی

یہ حسرت ہے در پر تیرے میں بھی آؤں
نظر سبز گنبد پہ اپنی جماؤں
کبھی چوم لوں ان کے روضے کی جالی

غلام اس کے فرشی غلام اس کے عرشی
یقیناً خدا بھی ہوا ان پہ راضی
تیری ذات سے جس نے بھی لو لگا لی

ریاض حزیں نعت ہی کا صلہ ہے
کرم تجھ پہ تیرے نبی نے کیا ہے
یہ راہ تیری بخشش کی کیسی نکالی

(سید ریاض الدین سہروردی)

marfat.com

بن کے سائل مدینے نوں

بن کے سائل مدینے نوں جاواں گی میں
جو جو بیتی بنی نوں سناواں گی میں

لوکی کہندے مدینہ بڑی دور اے
رات دن کر کے پینڈے مکاواں گی میں

لوکی کہندے نے کی لین جانا ایں توں
حال الڑے سولڑے سناواں گی میں

پیر سوہنا جے پاوے میری گلی وچ
اوہدے رستے دے وچ اکھیاں وچھاواں گی میں

بھار جھلیا نئیں جاندا جدائیاں داہن
روضہ ویکھ کے ٹھنڈ سینے پاواں گی میں

صابرے صابری تا ہنگاں مدنی دیاں
پیر چم چم کے سوہنا مناواں گی میں

☆ اگر تم چاہتے ہو کہ دن کی طرح روشن ہو جاؤ تو اپنی ہستی کو اپنے دوست کے سامنے جلا ڈالو۔ (مولانا رومی)

marfat.com

میرا نبی جیسا ہے کوئی

میرے نبی جیسا ہے کوئی ایسا ہو تو بات کرو
رحمتِ عالم سرورِ دین سا دیکھا ہو تو بات کرو

اپنے رب سے لیتا ہے اور ہم منگتوں کو دیتا ہے
میرے داتا جیسا کوئی داتا ہو تو بات کرو

سارے نبی ہیں ارفع واعلیٰ سب سے بالا میرا نبی
عرش پہ کوئی ان کے سوا جو پہنچا ہو تو بات کرو

شافع محشر ساقی کوثر جود و سخا کا پیکر ہیں
آپ کے در سے کوئی خالی لوٹا ہو تو بات کرو

ماتھے پر یٰسین کا سہرا نور کے جلوے چہرے پر
دونوں جہاں میں ایسا دولہا دیکھا ہو تو بات کرو

اور بھی لاکھوں آئے پیغمبر سب پر اپنا ایماں ہے
کوئی مگر امت کے غم میں رویا ہو تو بات کرو

رحمت عالم خلقِ مجسم دکھیاروں کے ہمدم ہیں
میرے نبی سا کوئی نیازؔی آقا ہو تو بات کرو

(الحاج عبدالستار نیازی)

☆ حقیر سے حقیر پیشہ بھیک مانگنے سے بہتر ہے۔ (حضرت عثمان غنیؓ)

marfat.com

کیا جلوہ کربلا میں دکھایا حسینؓ نے

کیا جلوہ کربلا میں دیکھا حسینؓ نے
سجدے میں جا کے سر کو کٹایا حسینؓ نے

خوش بخت تھا کہ آپ کے قدموں میں آگرا
سویا نصیب حر کا جگایا حسینؓ نے

نیزے پہ سر تھا اور زباں پر تھیں آیتیں
قرآن اس طرح بھی سنایا حسینؓ نے

نانا کے پاک نام پر ہر چیز وار دی
کچھ بھی نہ اپنے پاس بچایا حسینؓ نے

صدمے سے قدسیوں کی بھی چیخیں نکل گئیں
اصغر کو جب گلے سے لگایا حسینؓ نے

ایسا لگا کہ دیکھ کر حوریں بھی رو پڑیں
قاسم کی لاش کو جو اٹھایا حسینؓ نے

کیوں آپؐ کو نہ اپنے نواسے پہ ناز ہو
ہر قول مصطفیٰؐ کا نبھایا حسینؓ نے

فیضان وہ ساقی کوثر کے لال تھے
کہتا ہے کون کہ آب نہ پایا حسین نے

(محمد فیضان)

marfat.com

شہادت ناز کرتی ہے

حسین ابن علی تجھ پر شہادت ناز کرتی ہے
ولایت ناز کرتی ہے رسالت نازل کرتی ہے

تمہارے صبر عزم و استقامت دیکھ کر مولا
تو اپنے شیر پر خاتونِ جنت ناز کرتی ہے

کٹے بازو تو مشکیزہ اٹھایا جس نے دانتوں سے
سخی عباس کی جرأت پہ ہمت ناز کرتی ہے

جنہوں نے دین کی خاطر گلے کربل میں کٹوائے
تو ایسے سب شہیدوں پر شہادت ناز کرتی ہے

کیا تیغوں کی چھاؤں میں جو سجدہ تو نے کربل میں
تیرے اس ایک سجدے پر عبادت ناز کرتی ہے

جو دیں قربانیاں اُمت کی خاطر ابنِ حیدر نے
تو اس احسان پر حافظ یہ امت ناز کرتی ہے

(حافظ محمد حسین)

☆ جو لوگ تمہارے دوست بننا چاہتے ہیں ان کے دوست بنو عامل کہلاؤ گے۔

(حضرت امام حسنؓ)

marfat.com

مدینہ بھی دکھا دے

یا رب میری سوئی ہوئی تقدیر جگا دے
آنکھیں مجھے دی ہیں تو مدینہ بھی دکھا دے

سننے کی جو قوت مجھے بخشی ہے خدا وند
پھر مسجدِ نبوی اذانیں بھی سنا دے

حوروں کی غلماں کی نہ جنت کی طلب ہے
مدفن میرا سرکار کے قدموں میں بنا دے

مدت سے میں ان ہاتھوں سے کرتا ہوں دعائیں
ان ہاتھوں میں اب جالی سنہری وہ تھما دے

منہ حشر میں مجھ کو نہ چھپانا پڑے یا رب
مجھ کو تیرے محبوب کی چادر میں چھپا دے

عشرتؔ کو بھی اب خوشبوئے حسان عطا کر
جو لفظ کہے ہیں انہیں تو نعت بنا دے

(عشرت حسین گودھروی)

☆ برے لوگوں کے ساتھ بیٹھنے سے تنہائی بہتر ہے۔ (حضرت ابوبکر صدیقؓ)

marfat.com

دیدار کا عالم کیا ہوگا

جب حسن تھا ان کا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہوگا
ہر کوئی فدا ہے بن دیکھے دیدار کا عالم کیا ہوگا

جس وقت تھے خدمت میں ان کی ابو بکر و عمر، عثمان و علی
اس وقت رسولِ اکرمؐ کے دربار کا عالم کیا ہوگا

چاہیں تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دیں دنیا کی
یہ شان ہے خدمت گاروں کی سردار کا عالم کیا ہوگا

قدموں میں جبیں کو رہنے دو چہرے کا تصور مشکل ہے
جب چاند سے بڑھ کر ایڑھی ہے تو رخسار کا عالم کیا ہوگا

معراج کی شب حق سے ملنے وہ عرشِ معلیٰ پر پہنچے
رفتار کا عالم کیا ہو گا گفتار کا عالم کیا ہو گا

اللہ و غنی سبحان اللہ کیا خوب ہے روضہ کا نقشہ
محراب حرم کا جالی کا مینار کا عالم کیا ہوگا

کہتے ہیں عرب کے ذرّوں پر انوار کی بارش ہوتی ہے
اے نجم نہ جانے طیبہ کے گلزار کا عالم کیا ہو گا

(محمد نجم نعمانی)

marfat.com

لکیاں نے موجاں

لکیاں نے موجاں ہن لائی رکھیں سوہنیاں
چنگے آں کہ مندے آں نبھائی رکھیں سوہنیاں

کسے نوں میں اپنا دکھڑا سنایا نئیں
تیرے باہجوں کسے مینوں سینے نال لایا نئیں
سینے نال لایا ای تے لائی رکھیں سوہنیاں

آقا دے غلاماں دا میں ادنیٰ غلام آں
لوکی کہندے خاص میں تے عاماں توں وی عام آں
پردہ جے پایا ای تے پائی رکھیں سوہنیاں

آقا تیرے نال ایہہ غلام سارے سجے نیں
قسم خدا دی تساں عیب ساڈے کجے نیں
لکے ہوئے عیباں نوں لکائی رکھیں سوہنیاں

حشر دیہاڑے جدوں عملاں نوں تولنا
شرم دے مارے میں تے کجھ وی نئیں بولنا
چادر چہ اپنی لکائی رکھیں سوہنیاں

ضیاء اوہدی آل دا بنیاں غلام میں
ایدھے نالوں ودھ ہور لینا کی انعام میں
بنیاں غلام تے بنائی رکھیں سوہنیاں

marfat.com

کھلا ہے سبھی کے لئے بابِ رحمت

کھلا ہے سبھی کے لئے بابِ رحمت وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ عالی
مرادوں سے دامن نہیں کوئی خالی قطاریں لگائے کھڑے ہیں سوالی

میں پہلے پہل جب مدینے گیا تھا تو تھی دل کی حالت تڑپ جانے والی
وہ دربار سچ مچ میرے سامنے تھا ابھی تک تصور تھا جس کا خیالی

میں اک ہاتھ سے دل سنبھالے ہوئے تھا تو تھی دوسرے ہاتھ روضے کی جالی
دعا کے لئے ہاتھ اٹھتے تو کیسے نہ یہ ہاتھ خالی نہ وہ ہاتھ خالی

میں اس آستانِ حرم کا گدا ہوں جہاں سجدے کرتے ہیں شاہانِ عالم
مجھے تاجداروں سے کم مت سمجھنا مرا سر ہے شایان تاجِ بلالی

میں توصیف سرکار کر تو رہا ہوں مگر اپنی اوقات سے باخبر ہوں
میں صرف ایک ادنیٰ ثناء خواں ہوں انکا کہاں میں کہاں نعت اقبال وحالی

(محمد اقبال عظیم)

☆ جس نے اللہ کے لئے محبت کی اور اللہ تعالیٰ کے لئے بغض رکھا اور اللہ کی رضا کیلئے عطا کیا اور اللہ تعالیٰ کیلئے روکا تو اس نے ایمان مکمل کر لیا۔ (حدیث شریف)

marfat.com

میں سب سے برا ہوں نگاہِ کرم ہو

سراپا خطا ہوں نگاہِ کرم ہو
میں سب سے برا ہوں نگاہِ کرم ہو

مجھے مانگنے کا سلیقہ نہیں ہے
مگر مانگتا ہوں نگاہ کرم ہو

حضور آپؐ سے آپ کو مانگتا ہوں
فقیر آپ کا ہوں نگاہِ کرم ہو

یقیناً تیری رحمتوں نے سنبھالا
میں جب بھی گرا ہوں نگاہِ کرم ہو

تمہاری ہی نسبت ہے سرمایہ میرا
میں صرف آپ کا ہوں نگاہ کرم ہو

مجھے اپنے قدموں میں بلوا لو آقا
کرم شاہِ والا نگاہِ کرم ہو

یقیناً تیری رحمتوں نے سنبھالا
میں جب بھی گرا ہوں نگاہِ کرم ہو

عطا کیجئے حاضری کا قرینہ
مدینے چلا ہوں نگاہ کرم ہو

marfat.com

ہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

لم یاتِ نظیرك فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھ کو شہہ دوسرا جانا

البحر علا والموج طغٰی من بے کس وطوفاں ہوشربا
منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا موری نیا پار لگا جانا

انا فی عطش و سخاك اتم اے گیسوئے پاک اے ابرِ کرم
برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند ادھر بھی گرا جانا

الروح فداك فزد حرقا یک شعلہ دگر برزن عشقا
موراتن من دھن سب پھونک دیا یہ جان بھی پیارے جلا جانا

بس خامہ خام نوائے رضا نہ یہ طرز میری نہ یہ رنگ میرا
ارشاد احبا ناطق تھا ناچار اس راہ پڑا جانا

(حضرت امام احمد رضا خان بریلویؒ)

☆ جو شخص جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگ کر گیا گویا اس نے جہنم کی طرف پل بنایا۔ (حدیث شریف)

marfat.com

محمدؐ کے شہر میں

رحمت برس رہی ہے محمدؐ کے شہر میں
ہر شے میں تازگی ہے محمدؐ کے شہر میں

ایسا لگا کہ سامنے خود آگئے حضور
اک نعت جب پڑھی ہے محمدؐ کے شہر میں

آتے ہیں بخشوانے گناہوں کو گنہگار
قسمت بدل رہی ہے محمدؐ کے شہر میں

دولت سکوں کی ہر جگہ ہم ڈھونڈتے رہے
آخر یہ مل گئی ہے محمدؐ کے شہر میں

روشن ہیں جن کے نور سے دونوں جہاں ریاضؔ
ایسی شمع جلی ہے محمدؐ کے شہر میں

(سید ریاض الدین سہروردی)

☆ جب تم نے جمعہ کے دن اپنے ساتھی سے یہ کہا ''خاموش ہو جاؤ'' جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو تم نے فضول بات کی۔ (حدیث شریف)

marfat.com

آپؐ کے نعلین کا

یا نبی دیکھا ہے رتبہ آپؐ کے نعلین کا
عرش نے چوما ہے تلوا آپؐ کے نعلین کا

آپ کی خدمت کا مجھے کاش مل جاتا شرف
باندھتا ہاتھوں سے تسمہ آپؐ کے نعلین کا

جس سے آگے جائے تو جل جائیں پر جبرائیل کے
اس سے آگے جانا دیکھا آپؐ کے نعلین کا

آپ کے قدموں کی نرمی قلب پر محسوس کی
جب بھی میں نے نقش دیکھا آپ کے نعلین کا

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا

تاج کیوں نہ بھیک مانگیں آپؐ کے نعلین کی
تاجور دکھاتے ہیں صدقہ آپؐ کے نعلین کا

☆ ہر وہ دن عید کا ہے جس دن انسان کوئی گناہ نہ کرے۔ (حضرت علیؓ)

marfat.com

کوئے نبی سے آنہ سکے ہم

کوئے نبی سے آ نہ سکے ہم راحت ہی کچھ ایسی تھی
یاد رہی نہ جنت ہم کو جنت ہی کچھ ایسی تھی

دنیا میں سرکار کی نعتیں پڑھتے رہے ہر ایک لمحہ
قبر میں بھی تھی نعت لبوں پر عادت ہی کچھ ایسی تھی

اکبر و اصغر اور یہ غازی دین پہ وارے ہنس ہنس کے
یوں لگتا ہے دینِ نبی کی قیمت ہی کچھ ایسی تھی

بولو اے جبرائیل کہ ان کی کیونکر تلیاں چومی تھیں
کہنے لگے جبرائیل کہ ان کی عظمت ہی کچھ ایسی تھی

تکتے رہے یوسف جیسے بھی حشر میں ان کے چہرے کو
جب پوچھا تو کہنے لگے کہ صورت ہی کچھ ایسی تھی

پاس بلایا پاس بٹھایا عرش پہ ان کو خالق نے
یہ تو آخر ہونا ہی تھا چاہت ہی کچھ ایسی تھی

قبر میں حاکم جب پہنچے تو ہنس کے نکیروں نے دیکھا
کیوں نہ فرشتے پیار سے ملتے نسبت ہی کچھ ایسی تھی

(احمد علی حاکم)

marfat.com

چل مدینے چلتے ہیں

چھوڑ فکر دنیا کی چل مدینے چلتے ہیں
مصطفیؐ غلاموں کی قسمتیں بدلتے ہیں

ہم کو روز ملتا ہے صدقہ کملی والے کا
مصطفیؐ کے ٹکڑوں پر خوش نصیب پلتے ہیں

صرف ساری دنیا میں کوچۂ احمدؐ ہے
جس جگہ پر ہم جیسے کھوٹے سکے چلتے ہیں

نقش کرے چہرے پر نام سرورِ دیں کا
یہ وہ نام ہے جس سے سب عذاب ٹلتے ہیں

ان کو کیا ضرورت ہے عطر و مشک و عنبر کی
خاک جو مدینے کی اپنے تن پہ ملتے ہیں

ذکر شاہ بطحا کو ورد اب بنا لیجئے
یہ وہ ذکر ہے جس سے غم خوشی میں ڈھلتے ہیں

سچ ہے غیر کا احسان ہم کبھی نہیں لیتے
اے علیم آقا کے ٹکڑوں پہ جو پلتے ہیں

(علیم الدین علیم)

marfat.com

میں نذر کروں جان و جگر

میں نذر کروں جان و جگر کیسا لگے گا
رکھ دوں درِ سرکار پہ سر کیسا لگے گا

غوث الوریٰ سے پوچھ لو اک روز یہ چل کر
بغداد سے طیبہ کا سفر کیسا لگے گا

جب دور سے ہے اتنا حسیں گنبد خضریٰ
اس پار ہے ایسا تو ادھر کیسا لگے گا

آجائیں مقدر سے میرے گھر جو شہ دیں
میں کیسا لگوں گا میرا گھر کیسا لگے گا

سرکار نے در پہ مجھے بلوایا ہے منگتے
جب کوئی مجھے دے گا خبر کیسا لگے گا

ہو جائے گی جب شافع محشر کی عنایت
آئے گی خوشی کی جو لہر کیسا لگے گا

پرواز کرے روح میری جسم سے جس دم
سرکار کے قدموں میں ہو سر کیسا لگے گا

☆ بے حسی آدھی موت ہے۔ (خلیل جبران)

marfat.com

مدینے کا سفر اچھا لگا

زندگانی میں مدینے کا سفر اچھا لگا
جو مدینے تک گیا وہ ہم سفر اچھا لگا

کیا بتاؤں کس قدر کیا عمر بھر اچھا لگا
مجھ کو سرکارِ دو عالمؐ کا نگر اچھا لگا

تھا مدینے کے سفر میں کملی والا ساتھ ساتھ
ہم سفر بھی خوب لیکن ہم سفر اچھا لگا

کتنے اچھے بخت ہیں ابو ایوب انصاری تیرے
سارے طیبہ میں نبیؐ کو تیرا گھر اچھا لگا

ہو کے دو ٹکڑے آ گیا قدموں میں تیرے یا نبی
تیری انگلی کا اشارہ چاند پر اچھا لگا

جب نیازی میں نے محفل میں پڑھی نعتِ نبی
کیا بتاؤں بزم کو میں کس قدر اچھا لگا

(عبدالستار نیازی)

☆ جو تیرے سامنے دوسروں کی برائی کرتا ہے وہ دوسروں کے سامنے تیری برائی کرے گا۔ (شیخ سعدی)

marfat.com

ماں کی شان

(کلام میاں محمد بخش صاحبؒ)

میرے آقا نے فرمایا کر لو خدمت ماں دی
جس نے کعبہ تکنا ہووے تک لے صورت ماں دی

ماواں باجھوں کیہڑا سجنو دل دے درد ونڈاندا
کنڈا جے پتر نوں چبھدا تے درد مانواں نوں آندا

ماں دا سایہ برکتاں والا ماں جے رحمت رب دی
ہر شے جگ توں مل جاندی اے ماں کتے نہیں لبدی

ماں مرے تے پیکے مدکے باپ مرے گھر ویلا
شالا مرن نہ ویر کسے دے اجڑ جاندا جے میلا

ماں ورگی کوئی شے نہ جگ تے ساری دنیا پھول
جیہڑی ٹھنڈ دلاں نوں پاوے مٹھی ماں دی بولی

باپ جاوے سر ننگا ہووے ویر مرن کنڈ خالی
مانواں مرن محمد بخشا کون کرے رکھوالی

ویر ویراں دے دلبر ہوندے ویر ویراں دیاں بانہواں
باپ سراں دے تاج محمد مانواں ٹھنڈیاں چھاواں

ایہو دعا ہے میری یا مولا نہ مرن کدی وی مانواں
ماں دے پیراں تھلے جنت مانواں ٹھنڈیاں چھانواں

marfat.com

تاجدارِ حرم اے شہنشاہ دیں

تاجدار حرم اے شہنشاہ دیں تم پہ ہر دم کروڑوں درودوسلام
ہو نگاہِ کرم ہم پہ سلطانِ دیں تم پہ ہر دم کروڑوں درودوسلام
کوئی حسنِ عمل پاس میرے نہیں پھنس نہ جاؤں قیامت میں مولا کہیں
اے شفیعِ اُمم لاج رکھنا میری تم پہ ہر دم کروڑوں درودوسلام
دور رہ کر نہ دم ٹوٹ جائے کہیں کاش طیبہ میں اے میرے ماہِ مبیں
دفن ہونے کو مل جائے دو گز زمین تم پہ ہر دم کروڑوں درودوسلام
تیری یادوں میں معمور سینہ رہے لب پہ ہر دم مدینہ مدینہ رہے
بس میں دیوانہ بن جاؤں سلطانِ دیں تم پہ ہر دم کروڑوں درودوسلام
پھر بلا لو مدینے میں عطار کو یہ تڑپتا ہے طیبہ کے دیدار کو
کوئی اس کے سوا آرزو ہی نہیں تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام
پوچھا کوئل سے میں نے کہ تو یہ بتا
پیڑوں سے سروں پہ تو گاتی ہے کیا
بولی آقا کی کرتی ہوں میں بھی ثناء
میری کو کو سے آتی ہے یہ ہی صدا کیا
تاجدارِ حرم اے شہنشاہِ دیں تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام
ہو نگاہ کرم ہم پہ سلطانِ دیں تم پہ ہر دم کروڑوں درود و سلام

(مولانا الیاس عطار قادری)

marfat.com

کرمانوالہ بک شاپ
کی شائع کردہ خوبصورت کتابیں

احوال القبور
(قبر کی ہولناکی)
حافظ ابو الفرج عبدالرحمن بن احمد ابن رجب حنبلی

اُسوہ حسنہ
انوار اللہ طیبی (پی ایچ ڈی) سکالر

احوال مقدسہ
(سیرت حضرت میاں شیر محمد شرقپوری)
قاضی ظہور احمد اختر

امام احمد رضا اور تصوف
مولانا محمد احمد مصباحی اعظمی

ایمان کی روشنی
سید محمد خرم ریاض رضوی

تذکرہ خلفائے راشدین
پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی

بزرگوں کے عقیدے
مفتی جلال الدین احمد امجدی

تقریر نکات
مفتی غلام حسن قادری

تعلیقات رضا
اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

بہار مدینہ
(نعتیہ کلام)
سمیع اللہ برکت

آیا ہے بلاوہ مجھے دربار نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
(نعتیہ کلام)
مرتبین: مجاہد اقبال - سمیع اللہ برکت

کلیات بیدم
حضرت بیدم شاہ وارثی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کلام میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ
سمیع اللہ برکت

کلام حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ
سمیع اللہ برکت

کلام بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ
سمیع اللہ برکت

کرمانوالہ بک شاپ
دوکان نمبر ۲ - دربار مارکیٹ لاہور
Voice: 042-7249515
Mobile:0300-4306876